نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد۔

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر 12ارب روپے کی لاگت سے بجلی سے چلنے والے ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جارہا ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 8جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں مجموعی طور پر 12لاکھ زرعی ٹیوب ویلز ہیں جن میں 10لاکھ ٹیوب ویلز ڈیزل جبکہ 2لاکھ ٹیوب ویلز بجلی کی مدد سے چلائے جارہے ہیں۔ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت صرف بجلی کی مدد سے چلنے والے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔انہوں نے یہ بات ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن بارے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 31مارچ 2024 تک بجلی کا کنکشن حاصل کرنے والے ٹیوب ویلز اس سکیم میں شامل کیے جائیں گے۔سولر سسٹم لگانے کے لیے پانی کی زیادہ سے زیادہ گہرائی 60فٹ مقرر کی گئی ہے۔شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے 15، 10اور 7.5 کلوواٹ طاقت کے مساوی پمپنگ سسٹم لگایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابتدائی مرحلہ میں 7ہزار بجلی سے چلنے والے سولر ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جارہا ہے جس کے لیے 12ارب روپے کی خطیر رقم خرچ کی جائے گی۔ٹیکنیکل ٹیم سائٹ کا موقع پر وزٹ کر کے درخواست گزار کی موجودگی میں پانی کی گہرائی معلوم کرے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے بتایا کہ درخواستوں کی وصولی اور جانچ پڑتال کے لیے کمیٹیاں نوٹیفائی کر دی گئی ہیں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کے دفاترز میں کرہ اندازی منعقد کی جائے گی۔اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت شہنشاہ فیصل عظیم، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت محکمہ توانائی کے افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆